کی اُمنگیں ہوں - ذاتی سربلندی کی خواہشیں ہوں یا وطن و قوم کی بالاتری کی چاہت، ان سب سے اونچا ہونا چاہیے - دُنیا کا کوئی مفاد آخرت کے تقاضے سے غافل نہ کر سکے ...... رضائے الٰہی کے سوا دوسرے تمام محرکات سے اس کو پاک کر لیا جائے - کوشش و جہد اور سعی میں صرف رضائے الٰہی اور آخرت کی باز پرس کا احساس ہی سامنے رہے۔"

(ص ۱۹۳ - ۱۹۴)

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بائیبل کی نظر میں | از ڈاکٹر احمد دیدات - ترجمہ: میجر عنایت اللہ -

ناشر: پروفیسر مسز عنایت اللہ - پرنسپل گورنمنٹ گرلز کالج، چونیاں ضلع قصور - قیمت نامعلوم -

یہ بڑا معلومات افزا اور ایمان پرور پمفلٹ ہے - اس میں ڈاکٹر احمد دیدات نے بائیبل کے عمیق مطالعے اور مناظرانہ مہارت کے بل پر بائیبل کی درج ذیل پیش گوئی کا صحیح مصداق حضور محمد مصطفےٰ کو ایک پادری وان ہیروڈن (VAN HEERDEN) سے مکالمہ کے دوران میں ٹرانسوال میں ثابت کر دیا - پیشگوئی:

"میں اُن کے لیے اُن ہی کے بھائیوں میں سے تیری (موسیٰؑ) مانند ایک نبی برپا کروں گا - اور اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا اور جو کچھ میں اُسے حکم دوں گا، وہی وہ ان سے کہے گا۔" (استثنا - ۱۸ - ۱۸)

جی - ایم سیّد | محمد موسیٰ بھٹو - ناشر: سندھ نیشنل اکیڈیمی - پوسٹ بکس نمبر ۲۵۸ - حیدر آباد -

صفحات: ۱۱۹ - قیمت -/۱۰ روپے

پاکستان میں جن عزائم، مقاصد اور وعدوں کے ساتھ بنایا گیا تھا، اُن سے انحراف کی سزا ہمیں دینے کے لیے ہمارے اندر بعض ایسی شخصیتیں پیدا کر دی گئی ہیں کہ جن کے باطل نظریات نے قوم کو پھاڑ کر خون خرابہ مچا دیا ہے - ان میں سے ایک نمایاں مقام جی ایم سیّد کا ہے - یہ شخص کہتا ہے کہ قرآن کے ہر لفظ پر زور دینا غلط ہے - خلافت کو ظالمانہ کردار ادا کرنے والی بدعت کہا - قرونِ اولیٰ کے جہاد کو ڈاکہ زنی اور عرب سامراج قائم کرنے کی تحریک قرار دیا ہے - کعبہ کو شوِمہاراج کا مندر قرار دیا ہے، جہاں